2025-01-12

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

-1 وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلی کے بھارت منڈپم میں وکست بھارت Young Leaders Dialogue 2025 میں شرکت کریں گے۔

-2 بھارت سرکاری اعداد و شمار کے بِگ ڈیٹا اور ڈیٹا سائنس کے ماہرین کی اقوام متحدہ کمیٹی میں شامل ہوگیا ہے۔

-3 BJP نے دلی اسمبلی انتخابات کے لیے 29 امیدواروں کی اپنی دوسری فہرست جاری کردی ہے۔

-4 اُدھو ٹھاکرے کی قیادت والی شیوسینا نے مہاراشٹر میں مقامی بلدیاتی انتخابات، اکیلے لڑنے کا فیصلہ کیا ہے۔

-5 دہرہ دون میں آج پہلا اتراکھنڈی بین الاقوامی پرواسی سمیلن منعقد ہوگا۔

-6 اور: بھارت نے انگلینڈ کے خلاف پانچ ٹی ٹوئینٹی بین الاقوامی میچوں کی سیریز کے لیے 15 رکنی ٹیم کا اعلان کردیا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Young Leaders

وزیراعظم نریندر مودی آج نوجوانوں کے قومی دن کے موقع پر نئی دلی کے بھارت منڈپم میں وکست بھارت Young Leaders Dialogue 2025 میں شرکت کریں گے۔ وزیراعظم ملک کے مستقبل کے رہنماؤں میں جوش پیدا کرنے، تحریک دینے اور انھیں بااختیار بنانے کے لیے ترتیب دی گئی مختلف سرگرمیوں میں بھی حصہ لیں گے۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ جناب مودی ملک بھر کے تین ہزار سے زیادہ فعال نوجوان رہنماؤں کے ساتھ منسلک ہوں گے۔

ایک رپورٹ

V/C Sumit Saha

اِس سے پہلے کَل وزیراعظم نریندر مودی نے اس بات پر زور دیا تھا کہ وکست بھارت Young Leaders Dialogue ملک کی ترقی کے سفر میں ملک کے نوجوانوں کو منسلک کرنے کی ایک منفرد پہل ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ یہ پروگرام وکست بھارت کے تصور کو حقیقی شکل دینے کی غرض سے نوجوان ذہنوں کی توانائی، تخلیقیت اور قیادت کو سمت عطا کرنے کے مقصد سے شروع کیا گیا ہے۔

جناب مودی نے نیشنل یوتھ فیسٹیول2025 اور وکست بھارت Young Leaders Dialogue کے تعلق سے نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کی وزیر مملکت رَکشا کھڑسے کے تحریر کردہ ایک مضمون کو بھی مشترک کیا۔x

MP Yuva Shakti Mission

مدھیہ پردیش میں, آج سے سوامی وویکانند یُوا شکتی مشن کی شروعات کی جا رہی ہے۔

اِس مشن کا مقصد نوجوانوں کے ہُنر، علم اور اُن کی ہمہ جہت ترقی کو فروغ دینا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Sanjeev Sharma

سوامی وویکانند یُوا شکتی مشن کا مقصد سنواد، سامرتھ، سمردھی یعنی بات چیت، طاقت اور خوشحالی ہے۔

مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے کہا کہ یہ مشن وزیر اعظم مودی کے ’گیان پر دھیان‘ منتر اور مدھیہ پردیش کے نوجوانوں سے متعلق پالیسی کو دھیان میں رکھتے ہوئے تیار کیا گیا ہے۔

S/B - MP - CM

سوامی وویکانند یُوا شکتی مشن کے اہم ستون ہیں: بات چیت، تعلیم، صلاحیت میں اضافے، کاروبار اور روزگار، سماجی اقدامات اور نگرانی۔ یہ مشن سماج کے معاشی-سماجی طور پر کمزور طبقات، پسماندہ افراد اور شہری اور دیہی نوجوانوں کی بہبود کے لیے تیار کیا گیا ہے۔

اِس مشن کے ذریعے خواتین، دِویانگ، نوجوان اور کسانوں کو بااختیار بنانے کی کوشش کی جائے گی۔

بھوپال سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ..........

OM Birla

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے عالمی منظرنامے میں بھارت کے نوجوانوں کی بڑھتی ہوئی اہمیت پر زور دیا ہے۔ لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا، برطانیہ کے اپنے سرکاری دورے کے دوران کل لندن میں منعقد ایک پروگرام میں بھارتی طلبا سے خطاب کر رہے تھے۔

جناب برلا نے کہا کہ بھارت کی سب سے بڑی طاقت اس کے نوجوان طلبا ہیں۔ انھوں نے ملک کے مستقبل کو شکل دینے میں، بھارتی طلبا کے رول کو اجاگر کیا۔ انھوں نے اس بات کو بھی اجاگر کیا کہ بھارت کے طلبا اپنی ذہنیت، نظریات، اختراع اور مقابلہ جاتی طریقہ کار کے ذریعے ملک کی ترقی کو آگے لے جا رہے ہیں۔x

UN India Data Science

بھارت، سرکاری اعداد و شمار کے بِگ ڈیٹا اور ڈیٹا سائنس کے ماہرین کی اقوام متحدہ کمیٹی میں شامل ہو گیا ہے۔ کمیٹی کے حصے کے طور پر بھارت، سرکاری شماریاتی مقاصد کے لیے بِگ ڈیٹا اور ڈیٹا سائنس کے عالمی معیارات اور طریقہ کار ترتیب دینے میں تعاون کرے گا۔ شماریات کی وزارت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ماہرین کی کمیٹی میں بھارت کی شمولیت، ملک کے شماریاتی اِیکو نظام میں بڑی جَست کی عکاسی کرتی ہے۔ وزارت نے، مزید کہا کہ ماہرین کی کمیٹی میں بھارت کی سرگرم شمولیت کے ذریعے اُس کے اقدامات بشمول ڈیٹا اختراعی لیب اور متبادل ڈیٹا ذرائع کی تلاش کی نشاندہی ہوگی۔

سرکاری اعداد و شمار کے بِگ ڈیٹا اور ڈیٹا سائنس کے ماہرین کی اقوام متحدہ کمیٹی کا قیام، بِگ ڈیٹا کے چیلنجوں اور فائدوں کا پتہ لگانے کے لیے کیا گیا تھا۔

اِن میں پائیدار ترقیاتی اہداف کی رپورٹنگ اور نگرانی کے امکانات کی جانچ بھی شامل ہے۔x

BJP Candiate Scond List

BJP نے دلی اسمبلی انتخابات کے لیے 29 امیدواروں کی اپنی دوسری فہرست جاری کردی ہے۔ سابق MLA کپل شرما کو کراول نگر سے اور ہریش کھورانہ کو موتی نگر سے کھڑا کیا گیا جبکہ حال ہی میں عام آدمی پارٹی سے BJP میں شامل ہوئیں پرینکا گوتم کو کونڈلی سے ٹکٹ دیا گیا ہے۔

اِس سے پہلے پارٹی نے 29 امیدواروں کی اپنی پہلی فہرست جاری کی تھی۔ کُل 70 اسمبلی سیٹوں میں سے BJP اب تک 58 سیٹوں کے لیے، اپنے امیدواروں کا اعلان کر چکی ہے۔x

Maha Local Polls Sena (UBT)

شیو سینا اُدھو بالا صاحب ٹھاکرے گروپ کے رکن پارلیمنٹ سنجے راؤت نے اعلان کیا ہے کہ اُن کی پارٹی مقامی بلدیاتی انتخابات اکیلے لڑے گی۔ اِن میں ممبئی میونسپل کارپوریشن، تھانے، پُونے اور ناگپور کے مقامی بلدیاتی انتخابات شامل ہیں۔ ممبئی میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے جناب راؤت نے واضح کیا کہ پارٹی کو اپنی طاقت کا پتہ لگانے کی ضرورت ہے اور پارٹی سربراہ اُدھو ٹھاکرے نے اِن مقامات پر اکیلے انتخاب لڑنے کا مشورہ دیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ لوک سبھا اور ریاستی اسمبلی انتخابات میں پارٹی کارکنوں کو موقع نہیں ملا، جس سے اُن میں بے چینی پیدا ہو گئی ہے، جس کے بعد فیصلہ کیا گیا کہ پارٹی، میونسپل کارپوریشنوں، ضلع پریشدوں اور نگر پنچایتوں کے چناؤ اپنے دم پر لڑے گی تاکہ تنظیم کو مضبوط کیا جا سکے۔

تقسیم سے قبل، شیو سینا، بھارت کے سب سے دولت مند میونسپل ادارے، برہن ممبئی میونسپل کارپوریشن پر سال 1997 سے 2022 تک لگاتار 25 سال تک قابض رہی۔ یہ بلدیاتی ادارہ مارچ 2022 میں اپنی مدّت ختم ہونے کے بعد سے ایڈمنسٹریٹر کے زیر نگرانی ہے، BMC کے انتخابات اس سال بعد میں ہونے کا امکان ہے۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Rev. ISRO Spadex

اِسرو کی جانب سے بھیجے گئے Space Docking تجربے(SpaDex) سے متعلق دو سیارچے 15 میٹر کی دوری پر ہیں اور ایک دوسرے سے ملنے کے لیے تیار ہیں۔ خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم اسرو نے بتایا کہ SDX01 (Chaser) اور SDX02 (Target) آپس میں ملنے سے صرف 50 فُٹ کی دوری پر ہیں۔ SpaDex مشن کا آغاز 30 دسمبر کو ہوا تھا، جس کا مقصد چھوٹی خلائی گاڑی کا استعمال کر تے ہوئے Space Docking کا مظاہرہ کرنا ہے۔×

Mahakumbh Forests

پریاگ راج میں، مہا کُمبھ، کل Paush پورنیما کے موقع پر پہلے امرت آَسنان کے ساتھ شروع ہوگا۔ اِس عظیم الشان تقریب کے لیے سبھی تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔ اُن لاکھوں عقیدتمندوں کے لیے جو شہر کا دورہ کر رہے ہیں، صاف ستھری ہوا اور صحتمند ماحول کو یقینی بنانے کے لیے پورے پریاگ راج میں مختلف مقامات پر گھنے پیڑ لگائے گئے ہیں۔

Mahakumbh Montage

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C Anupam Anand

حکومت نے، مِیاواکی تکنیک کے ذریعے گزشتہ 2 سال میں کئی آکسیجن بینک قائم کیے ہیں، جو اب ہرے بھرے جنگل میں بدل گئے ہیں۔

اِس قدم سے نہ صرف ہریالی میں اضافہ ہوا ہے بلکہ ہوا کے معیار میں بھی بہتری آئی ہے، جو ماحولیات کے تحفظ میں اہم رول ادا کرتی ہے۔ پریاگ راج میں 10 سے زیادہ مقامات پر پیڑ لگائے گئے ہیں، جس سے گزشتہ 2 سال میں 55 ہزار مربع میٹر کا رقبہ ہرا بھرا ہو گیا ہے۔

نینی صنعتی علاقے میں 63 اقسام کے ایک لاکھ 20 ہزار پیڑوں کے ساتھ سب سے بڑی شجر کاری مہم انجام دی گئی۔ وہیں شہر کا کوڑا جمع کرنے کی سب سے جڑی جگہ بَسوار کی صفائی کے بعد وہاں 27 مختلف اقسام کے 27 ہزار پیڑ  لگائے گئے۔

یہ پروجیکٹ نہ صرف صنعتی فضلے سے نجات دلانے میں مدد کر رہا ہے بلکہ دھول، مٹّی اور بدبو سے بھی راحت دے رہا ہے۔ یہ ہرے بھرے جنگل، حیاتیاتی تنوع میں اضافہ کر رہے ہیں، مٹّی کی زرخیزی بڑھا رہے ہیں اور نباتات اور حیوانات کے لیے مسکن کا کام کر رہے ہیں۔

پریاگ راج کے مہا کُمبھ نگر سے انوپم مشرا اور آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ..........

Rev. Uttarakhand Pravasi Summmit

دہرہ دون میں آج پہلا اتراکھنڈی بین الاقوامی پرواسی سمیلن منعقد ہوگا۔ وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی ایک روزہ پروگرام کا افتتاح کریں گے۔ ہمارے نامہ نگارنے خبر دی ہے کہ 17 ممالک کے 60 سے زیادہ اتراکھنڈ کے پرواسی افراد نے اِس ایک روزہ اجلاس میں شرکت کرنے کے لیے رجسٹریشن کروایا ہے۔

V/C Sakshi Singh

اس دوران اتراکھنڈ کے راجیہ سبھا ممبر مہیندر بھٹ نے بتایا کہ اِس پروگرام سے ریاست میں سرمایہ کاری کے امکانات کو فروغ کو حاصل ہوگا۔

Puducherry HMPV,

پڈو چیری میں محکمہ صحت نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ حال ہی میں ایک پرائیویٹ اسپتال میں بھرتی کیا گیا بچّہ، ہیومن میٹا نمو وائرس‘ HMPV پازیٹیو پایا گیا ہے۔

مرکز کے زیر انتظام علاقے کے محکمہئ صحت کی جانب سے جاری ریلیز کے مطابق بچہ پوری طرح ٹھیک ہو گیا ہے اور اُسے اسپتال سے رخصت کر دیا گیا ہے۔

صحت حکام نے بچے کے سرپرستوں کو احتیاطی صحت گائیڈلائنز فراہم کی ہیں اور عوام کو یقین دلایا ہے کہ صورتحال قابو میں ہے۔×

Ashwini Vaishnaw Pune

ریلوے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے اس بات پر زور دیا ہے کہ 2047 تک بھارت کے مستقبل کو شکل دینے میں، بنیادی ڈھانچے، پروڈکٹوِٹی، قانونی اصلاحات اور سب کی شمولیت والی ترقی میں سرمایہ کاری سے سب سے اہم ہوگی۔

جناب ویشنو Gokhale Institute of Economics میں منعقد Pune Public Policy Festival کی اختتامی تقریب میں اظہار خیال کر رہے تھے۔x

BCCI Squad

BCCI نے انگلینڈ کے خلاف آئندہ پانچ ٹی ٹوئینٹی  بین الاقوامی میچوں کی سریز کے لیے 15 رکنی بھارتی ٹیم کا اعلان کردیا ہے، جو اس مہینے کی 22 تاریخ سے کولکاتہ میں شروع ہوگی۔

سوریہ کمار یادو بھارتی ٹیم کی قیادت کریں گے جبکہ اکثر پٹیل نائب کپتان ہوں گے۔ محمد شامی نے، ایک سال سے زیادہ عرصے کے بعد بھارتی کرکٹ ٹیم میں واپسی کی ہے۔ بھارت پانچ ٹی ٹوئینٹی میچوں کے بعد انگلینڈ کے خلاف تین ایک روزہ بین الاقوامی میچ بھی کھیلے گا۔x

Womens Cricket

خواتین کرکٹ میں گجرات کے راجکوٹ میں سوراشٹر کرکٹ ایسوسی ایشن میں ODI سیریز کے دوسرے میچ میں بھارت کا مقابلہ آئرلینڈ سے ہوگا۔ یہ میچ دن میں گیارہ بجے شروع ہوگا۔x

HIL Hockey˜

ہاکی انڈیا لیگ میں، یوپی رودراس نے دلی SG Pipers کو تین۔ایک سے شکست دی جبکہ کَل رات ایک پنالٹی شوٹ آؤٹ میں حیدرآباد طوفانز نے سورما ہاکی کلب کو شکست دی۔x

IMD Weather

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے دلی، مشرقی اترپردیش اور راجستھان میں آج اور پنجاب، ہریانہ اور چنڈی گڑھ میں   کَل تک رات اور صبح کے وقت میں گھنے سے بہت گھنے کہرے کی پیش گوئی کی ہے۔

موسمیات کے محکمے نے کہا ہے کہ ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، گنگا کے ترائی والے مغربی بنگال میں آج گھنے کہرے کے حالات رہنے کا امکان ہے۔

IMD کے مطابق آسام، میگھالیہ، چھتیس گڑھ، ذیلی مغربی بنگال، سکم، اوڈیشہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تری پورہ میں  بھی اگلے دو سے تین روز کے دوران اسی طرح کے موسم کے حالات رہیں گے۔x

Uttarkhand Weather

اس دوران اتراکھنڈ میں موسم میں اچانک تبدیلی کے پیش نظر ریاست کی بلند بالا پہاڑیوں پر برفباری ہوئی ہے جبکہ نچلے علاقوں میں درجہ حرارت میں کمی کے ساتھ بارش ہوئی ہے۔ بدری ناتھ، ہیم کنڈ صاحب اور Valley of Flowers سمیت بلند بالا خطے برف کی چادر سے ڈھکے ہیں۔

بہت سے میدانی علاقوں میں رات بھر بارش ہوتی رہی۔ کچھ مقامات سے گرج چمک اور ژالہ باری کی بھی اطلاعات ہیں۔

موسمیات کے محکمے نے آج خطے کے دو ہزار 800 میٹر سے زیادہ کی اونچائی والے علاقوں میں مسلسل برفباری کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ البتہ کَل سے آسمان صاف رہنے اور موسم کے حالات میں بہتری ہونے کا امکان ہے۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......مجیب اختر

شکریہ - شبانہ

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس اور پرتاپ نے وزیر اعظم کے دورۂ کشمیر کی خبر کو خصوصی طور پر شائع کیا ہے۔ خبروں کے مطابق جناب مودی وہاں کئی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور عوامی جلسے سے خطاب بھی کریں گے۔

روزنامہ ملاپ نے رام لَلا کی پران پرتشٹھا کے ایک سال مکمل ہونے کے موقع پر ایودھیا میں 3 روزہ ثقافتی اور مذہبی پروگرام کے انعقاد پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے اسے پہلی خبر کے طور پر شائع کیا ہے۔ وزیر اعظم مودی نے اس موقع پر عوام کو مبارکباد پیش کی اور رام مندر کو ہماری ثقافت اور روحانیت کی عظیم وراثت قرار دیا۔

آج کے بیشتر اخبارات نے اقلیتی امور کے مرکزی وزیر کِرن رجیجو کے پانچ روزہ سعودی عرب دورے کی خبر کو شہ سرخی بنایا ہے، جس کا اصل مقصد حج 2025 کے اس معاہدے پر دستخط کرنا ہے، جس میں عازمین حج کے لیے دس ہزار اضافی کوٹہ بڑھانے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔

اسی طرح آج کے زیادہ تر اخبارات نے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کے میرٹھ میں آئی آئی ایم ٹی یونیورسٹی کے کانووکیشن کی تقریب سے خطاب کی خبر کو صفحہ اوّل پر جگہ دی ہے، جس میں انہوں نے نوجوانوں کو ملک کے مستقبل کا ہیرو قرار دیا۔

جبکہ رونامہ راشٹریہ سہارا نے بھارت کے سابق وزیر اعظم لال بہادر شاستری کی 58 ویں برسی پر ملک کے سرکردہ لیڈروں کی جانب سے اُنہیں خراجِ عقیدت پیش کیے جانے کی خبر کو خصوصیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلی کے بھارت منڈپم میں وکست بھارت Young Leaders Dialogue 2025 میں شرکت کریں گے۔

2- بھارت سرکاری اعداد و شمار کے بِگ ڈیٹا اور ڈیٹا سائنس کے ماہرین کی اقوام متحدہ کمیٹی میں شامل ہوگیا ہے۔

3- BJP نے دلی اسمبلی انتخابات کے لیے 29 امیدواروں کی اپنی دوسری فہرست جاری کردی ہے۔

4- اُدھو ٹھاکرے کی قیادت والی شیوسینا نے مہاراشٹر میں مقامی بلدیاتی انتخابات، اکیلے لڑنے کا فیصلہ کیا ہے۔

5- دہرہ دون میں آج پہلا اتراکھنڈی بین الاقوامی پرواسی سمیلن منعقد ہوگا۔

6- اور: بھارت نے انگلینڈ کے خلاف پانچ ٹی ٹوئینٹی بین الاقوامی میچوں کی سیریز کے لیے 15 رکنی ٹیم کا اعلان کردیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------